© rasailojaraid.com

حکیم ممتاز ملتانی مرحوم

# معیار

حق پرست آپکو "غدار" نظر آتے ہیں — اور "غدار" وفادار نظر آتے ہیں
اس زمانہ میں جو ہیں "دینِ محمد پہ فداء" — آپکی آنکھوں میں وہ خار نظر آتے ہیں
کیوں نہ اس دید کے صدقے ہوں اس ایماں کے نثار — مردِ مومن جسے کفار نظر آتے ہیں
ڈر سے سوتے ہی نہیں رات کو "مرزا صاحب" — آنکھ لگتی ہے تو احرار نظر آتے ہیں
اللہ اللہ! بخاری نے سنایا قرآں — سرنگوں کفر کے مینار نظر آتے ہیں
کادیاں جاکے ذرہ دوستو دیکھو تو سہی! — خندہ زن کیوں در و دیوار نظر آتے ہیں
جس زمیں میں ہے، خود کاشتہ پودا مدفون — اب وہاں سکھوں کے دربار نظر آتے ہیں
یہ نبی ہیں، یہ ولی ہیں، یہ ہیں شمس العلماء — حسنِ افرنگ کے گلکار نظر آتے ہیں
حق مہاجر و انصار کا کھایا جس نے — یہی "پیٹو"، بڑے مکار نظر آتے ہیں
ہم کو ڈھونڈے سے بھی گلشن میں تو کانٹے نہ ملے — آپ پھولوں کے خریدار نظر آتے ہیں

میں سمجھتا ہوں انہیں قائدِ ملت ممتاز
جامِ یثرب کے جو سرشار نظر آتے ہیں


**احرار ختم نبوت سنٹر کی تعمیر**

جدید مرکز احرار دار العلوم ختم نبوت اور احرار ختم نبوت سنٹر مقابل مرکزی مسجد عثمانیہ، معاویہ چوک، ھاؤسنگ سکیم چیچا وطنی۔ کی تعمیر کا کام جاری ہے ضلع ساہیوال بالخصوص علاقہ چیچاوطنی کے ساتھی خصوصی توجہ فرمائیں۔

**رابطہ:۔**

دفتر احرار جامع مسجد بلاک نمبر۱۲ چیچا وطنی


© rasailojaraid.com